لندن امریکہ پیرس گریس آئرلینڈ ڈبلن کے بعد اسلام آباد لاہور راولپنڈی کراچی حیدرآباد پشاور میں بیک وقت پڑھا جانے والا اُردو اخبار

THE DAILY DON NEWS INTERNATIONAL

پاکستان یورپ ایشیاء سمیت پوری دنیا میں پڑھا جانے والا موثر ترین نیوز پیپر اور سینئر پاکستانیوں کا ترجمان

روزنامہ

ڈون نیوز لندن انٹرنیشنل

چیف ایگزیکٹو: علی رضا اُوپل

SOONEST ABC CERTIFIED

MEMBER PJA

چیف ایڈیٹر
ندیم ملک
ایڈیٹر
ایم بی ہاشمی
مینیجنگ ایڈیٹر
امین نقیبی

جلد:16 | ہفتہ 4 محرم الحرام 1448ھ، 20 جون 2026ء، 6 ہاڑ 2083ب (صفحات 8 قیمت 20 روپے) | شمارہ:254

# عورت فاؤنڈیشن ایران۔امریکہ مفاہمتی یادداشت کا خیر مقدم کرتی ہے، نعیم احمد مرزا ای ڈی

## عورت فاؤنڈیشن ایرانی قوم کی استقامت، ثابت قدمی اور انکی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے

اسلام آباد/ڈون نیوز/زخرف منال سے/ گزشتہ روز 18 جون 2026ء عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت (Memorandum of Understanding) پر دستخط کا پُرتپاک خیر مقدم کرتی ہے اور اسے علاقائی اور عالمی امن کی جانب ایک عظیم پیش رفت قرار دیتی ہے۔عورت فاؤنڈیشن کی ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس کے بعد جاری کردہ ایک پریس بیان میں ای ڈی عورت فاؤنڈیشن نعیم احمد مرزا نے کہا گیا کہ تاریخ کے اس اہم لمحے کا پوری دنیا اور امن پسند انسانیت کو شدت سے انتظار تھا۔ اس امید کی تعبیر نے ثابت کر دیا ہے کہ عالمی طاقت کے ڈھانچے اور عوامی سطح پر اب بھی عقل و دانش کی بالادستی قائم ہے، اور اگر انسان متحد ہو جائیں تو دنیا کو ممکنہ خطرات سے محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔عورت فاؤنڈیشن کا مؤقف ہے کہ تباہ کن جنگ کے دوران ایران کے عوام، جن میں اسکول جانے والی بچیاں، شیر خوار بچے اور ملک کی اعلیٰ ترین قیادت شامل ہیں، نے ایسی بے مثال قربانیاں دی ہیں جن کی مثال مشرقِ وسطیٰ کی گزشتہ ایک ہزار سالہ تاریخ میں مشکل سے ملتی ہے۔ بیان میں کہا گیا: "ہم ایرانی عوام کی استقامت، ثابت قدمی اور عظیم قربانیوں کو عقیدت و احترام کے ساتھ سلام پیش کرتے ہیں۔عورت فاؤنڈیشن اس بات پر پختہ یقین رکھتی ہے کہ پائیدار امن صرف مکالمے، سفارت کاری، باہمی احترام اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔عوام سے عوام کے درمیان امن مذاکرات کے راستے کو بھی فروغ دیا جانا چاہیے۔عورت فاؤنڈیشن تنازع کے دوران متاثر ہونے والے تمام شہریوں، بالخصوص خواتین، بچوں، بزرگوں اور دیگر کمزور طبقات سے اظہارِ یکجہتی کرتی ہے اور انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتی ہے۔عورت فاؤنڈیشن پاکستان کے وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی انتھک، قابلِ ستائش اور مؤثر کاوشوں کو سراہتی ہے، جن کی مدبرانہ قیادت اور علاقائی امن سے وابستگی نے اس تاریخی جنگ بندی کی راہ ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔